http://www
لمحہ بہ لمحہ ہر خبر سے باخبر رہنے کیلئے
شہرنامہ کی ویب نیوز پر ابھی کلک کریں
قارئین اپنا پسندیدہ اخبار ''شہرنامہ''
ای پیپر اب ویب سائیٹ اور فیس بک پر بھی ملاحظہ فرمائیں
Epaper
www.dailysheharnama.com

ABC CERTIFIED
وفاقی دارالحکومت سے شائع ہونیوالا مقبول و کثیر الاشاعت قومی اخبار
Daily SHEHAR NAMA Islamabad
روزنامہ شہرنامہ
اسلام آباد
ایڈیٹر انچیف
راجہ جاوید اختر
جوائنٹ ایڈیٹر
اسامہ امتیاز عباسی
جلد نمبر 07 | ہفتہ 21 نومبر 2026ء 10 جمادی الثانی 1448ھ | صفحات 4 قیمت 15 روپے | شمارہ نمبر 73
فون: 0333-5196088 | Email:sheharnama@gmail.com | Web:www.sheharnama.com

پیٹرول 1 روپے لیٹر سستا ڈیزل 2 روپے مہنگا

23 نومبر تک کیلئے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کا تعین کرتے ہوئے نوٹی فکیشن جاری کردیا گیا

پٹرول کی نئی قیمت 322اور ڈیزل کی نئی قیمت 357 مقرر،نئی قیمتوں کا اطلاق رات 12 بجے سے ہوگا

اسلام آباد(سٹاف رپورٹر) آئل اینڈ گیس ریگولیٹری اتھارٹی (اوگرا) نے تین روز کیلئے پیٹرول کی قیمت میں 1 روپے کی جبکہ ڈیزل 2 روپے مہنگا کردیا۔رپورٹ کے مطابق اوگرا نے 21 سے 23 نومبر تک کیلئے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کا تعین کرتے ہوئے نوٹی (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 32)

نئے صوبوں کیلئے عوامی رائے لی جائے، عطا اللہ تارڑ

اگر عوامی رائے آتی ہے کہ نئے صوبے نہیں بننے چاہئیں تو نہ بنائیں، ریفرنڈم کرانے میں کیا حرج ہے؟ کسی بھی قومی اہمیت، بلک امپورٹنس کے ایشو پر ریفرنڈم کرایا جاسکتا ہے

صدر مملکت، وزیراعظم ملاقات میں معاملات میں افہام وتفہیم سے آگے بڑھنے پر اتفاق ہوا، عوامی رائے تو آنی ہے اور آئے گی، اسکے بعد دیکھیں گے کیا ہوتا ہے، وزیر اطلاعات

اسلام آباد(سٹاف رپورٹر) وفاقی وزیر اطلاعات عطا تارڑ نے کہا ہے کہ نئے صوبوں کی تشکیل پر ہمارا موقف بڑا واضح ہے، عوامی رائے لی جائے اور اگر عوام کی رائے ہو تو صوبے بننے چاہئیں۔الیکشن کمیشن کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے عطا تارڑ نے کہا کہ گوجرانوالہ میرا آبائی شہر ہے، ڈسٹرکٹ بار کے جنرل سیکرٹری کی دعوت پر میں نے دورہ کیا تھا، اس دوران وہاں پر امیدوار موجود نہیں تھے۔انہوں نے کہا کہ جنرل سیکرٹری ڈسٹرکٹ بار کی دعوت الیکشن شیڈول سے پہلے آئی تھی، ہم نے الیکشن کمیشن سے غیر مشروط معذرت کی ہے، نئے صوبوں کی تشکیل پر ہمارا موقف بڑا واضح ہے، عوامی رائے لی جائے، اگر رائے یہ آتی ہے کہ صوبے بننے چاہئیں تو بنا دیں۔عطا تارڑ کا کہنا تھا کہ اگر عوامی رائے آتی ہے کہ نئے صوبے نہیں بننے چاہئیں تو نہ بنائیں، عوامی رائے کا راستہ ہموار کیا جائے، عوامی رائے کے مطابق فیصلے ہوں، ریفرنڈم کرانے میں کیا حرج ہے؟ کوئی حرج نہیں ہونا چاہیے۔وزیر اطلاعات نے مزید کہا کہ کل صدر مملکت سے وزیراعظم شہباز شریف کی ملاقات ہوئی جس میں معاملات پر بات کرنے، افہام وتفہیم سے آگے بڑھنے پر بات چیت ہوئی، ریفرنڈم سے متعلق آئینی شق واضح ہے، کسی بھی قومی اہمیت، بلک امپورٹنس کے ایشو پر ریفرنڈم کرایا جاسکتا ہے، عوامی رائے بھی طلب کی جائے (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 31)



کراچی، پاکستان اور ترکیہ کے مابین معاہدہ پر دستخط کی تقریب میں نائب وزیراعظم ودیگر موجود ہیں

سندھ کے حالات خراب ہونے کا بہانہ بنایا جارہا ہے، خواجہ آصف

نئے صوبوں کے معاملے پر سیاستدانوں کو اپنی ذات کے خول سے باہر نکل کر بات کرنی چاہیے

ملک میں ہائبرڈ سسٹم چل رہا ہے اور اس نظام میں ہمارے علاوہ بھی پارٹنرز موجود ہیں، وزیر دفاع

اسلام آباد(سٹاف رپورٹر)وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ ذاتی ایجنڈے کو آگے بڑھانے کے لیے سندھ میں حالات خراب ہونے کا بہانہ بنایا جارہا ہے، نئے صوبوں کے معاملے پر سیاستدانوں کو اپنی ذات کے خول سے باہر نکل کر بات کرنی چاہیے۔خواجہ آصف کا کہنا تھا کہ نئے صوبوں کے حوالے سے مسلم لیگ (ن) کی جانب سے کوئی تحفظات سامنے نہیں آئے، وزیراعظم اس ایجنڈے کو لے کر چل (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 33)


اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف ترکیہ کے وزیر توانائی کے اعزاز میں دیئے گئے عشائیہ تقریب سے خطاب کررہے ہیں

برف پگھلنے لگی، بلاول کا وزیراعظم کے ہاتھ مضبوط کرنیکا اعلان

میں نے شہباز شریف کو 2 دفعہ وزیراعظم بنوایا، چاہتا ہوں 5 سال پورے کریں، فسوس ہے کہ پاکستان میں عوامی مسائل پر توجہ دینے کی روایت ختم ہوتی جارہی ہے

تمام سیاسی جماعتوں کو پیپلز پارٹی کے منشور کو اپنانا چاہیے تاکہ عوامی فلاح اور ریلیف کے اقدامات کو ترجیح دی جاسکے، چیئرمین پی پی کا تقریب سے خطاب

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ میں نے شہباز شریف کو 2 دفعہ وزیراعظم بنوایا، چاہتا ہوں کہ وہ بطور وزیراعظم 5 سال پورے کریں۔چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ وزیراعظم کو موقع نہیں دیا گیا کہ وہ عوامی مسائل پر فوکس کریں۔شہر قائد میں ویٹ سپورٹ پروگرام کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے بلاول بھٹو زرداری کا کہنا تھا کہ ایران جنگ کے معاشی اثرات، پاکستان کا ہر شہری جنگ کا بوجھ اٹھا رہا ہے، عوام کو ریلیف دینا پیپلز پارٹی کی اولین ترجیح ہے۔انہوں نے کہا کہ ایران جنگ کے باعث پاکستان سمیت دنیا بھر کے عوام کو مہنگائی اور معاشی مشکلات کا سامنا ہے، جنگ کا معاشی بوجھ پاکستان کا ہر شہری اپنے کندھوں پر اٹھا رہا ہے، معاشی بحران کے باعث ڈیزل اور کھاد کی قیمتوں میں اضافہ ہو رہا ہے جبکہ جنگ کے خاتمے تک عوام کی مشکلات مزید بڑھنے کا خدشہ ہے۔چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی کا کہنا تھا کہ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ انہوں نے اپنی زندگی میں اس سے زیادہ مشکل وقت نہیں دیکھا، خطے میں اب تک امن کا کوئی معاہدہ نظر نہیں آرہا اور پوری دنیا میں حکومتوں کی توجہ عوام کو معاشی ریلیف فراہم کرنے پر مرکوز ہے۔بلاول بھٹو نے کہا کہ افسوس ہے کہ پاکستان میں عوامی مسائل پر توجہ دینے کی روایت ختم ہوتی جارہی ہے، تاہم پیپلز پارٹی کا آج بھی فوکس محدود وسائل میں عوام کی مدد اور انہیں ریلیف فراہم کرنا ہے۔اُن کا کہنا تھا کہ پیپلز پارٹی کو احساس ہے کہ ملک میں معاشی بحران، مہنگائی اور بے روزگاری کے مسائل (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 40)

خیبر پختونخوا میں امن واستحکام ہر قیمت پر برقرار رکھا جائیگا، فیلڈ مارشل

فیلڈ مارشل کا میران شاہ، شمالی وزیرستان کا دورہ، دہشت گردی کیخلاف کے پی پولیس کی قربانیاں قابل فخر قرار

سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے ادارے دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے لیے پرعزم ہیں، فیلڈ مارشل عاصم منیر


بنکاک، چیئرمین سینیٹ سید یوسف گیلانی تھائی لینڈ کی سینیٹ کے صدر سے ملاقات کررہے ہیں

راولپنڈی (صباح نیوز) آرمی چیف و چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے میران شاہ، شمالی وزیرستان کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے یادگار شہداء پر حاضری دی اور پھولوں کی چادر چڑھا کر وطن کے دفاع میں جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے شہداء کو خراج عقیدت پیش کیا۔پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق میران شاہ آمد پر کور کمانڈر پشاور نے چیف آف ڈیفنس فورسز کا (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 43)

اسلام آباد پولیس کی SWAT فورس کو 20 نئی گاڑیاں فراہم

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) اسلام آباد پولیس کی اسپیشل ویپن اینڈ ٹیکٹس فورس (SWAT) کو وفاقی وزارت داخلہ کی جانب سے نئی گاڑیاں SWAT فورس کے حوالے کرنے کی تقریب منعقد ہوئی۔وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے گاڑیوں کا معائنہ کیا اور SWAT فورس کے جوانوں سے ملاقات بھی کی۔اس (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 44)

اقوام متحدہ، پاکستان کی درجہ بندی میں 17 درجہ بہتری

پاکستان نے ای گورنمنٹ ڈویلپمنٹ انڈیکس میں بہتری کا سفر جاری رکھا، شزہ فاطمہ

نیویارک (مانیٹرنگ ڈیسک) اقوام متحدہ کے ای گورنمنٹ ڈویلپمنٹ انڈیکس (ای جی ڈی آئی) 2026 میں پاکستان نے نمایاں کامیابی حاصل کرتے ہوئے 17 درجے بہتری کے ساتھ عالمی سطح پر 119واں نمبر حاصل کرلیا ہے۔وفاقی وزیر برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی و ٹیلی کمیونیکیشن شزہ فاطمہ خواجہ نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر جاری بیان میں اس (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 45)


اسلام آباد، وزیر خزانہ محمد اورنگزیب اقتصادی رابطہ کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

وزیراعظم نے ہمیشہ خود احتسابی اور شفافیت کو ترجیح دی، عطاء اللہ تارڑ

رسک اسیسمنٹ رپورٹ سب کے لیے مشعل راہ ثابت ہوگی، وزیر اطلاعات

اسلام آباد(اے پی پی): وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطاء اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے ہمیشہ خود احتسابی اور شفافیت کو ترجیح دی، وفاقی حکومت کی جانب سے وزیراعظم کی خصوصی ہدایات پر مرتب کی گئی رسک اسیسمنٹ رپورٹ اسی خود احتسابی کے عمل کا حصہ ہے جس کا مقصد نظام میں موجود خامیوں کی نشاندہی، اصلاحات اور بہتر (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 42)


راولپنڈی، وزیر ریلوے حنیف عباسی فاطمہ جناح وویمن یونیورسٹی میں تقریب سے خطاب کررہے ہیں

حکومت نے جامع کرپشن رسک اسیسمنٹ مکمل کرلیا ہے، اعظم تارڑ

سرکاری اداروں میں کرپشن کے امکانات اور انتظامی کمزوریوں کی نشاندہی کردی

بجلی کے شعبے میں اصلاحات سے 3500 ارب روپے کی متوقع بچت ہوگی، وزیر قانون

اسلام آباد(اے پی پی): وفاقی وزیر قانون و انصاف سینیٹر اعظم نذیر تارڑ نے کہا ہے کہ حکومت نے خود احتسابی کے تحت وفاقی اداروں میں بدعنوانی کے ممکنہ راستوں، مالیاتی بے ضابطگیوں کے خدشات اور نظامی کمزوریوں کی نشاندہی کے لیے جامع کرپشن رسک اسیسمنٹ مکمل کرلیا ہے، یہ رپورٹ کسی فرد یا ادارے کے خلاف فرد جرم نہیں بلکہ سرکاری اداروں (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 41)

پنجاب کے تمام اضلاع میں یکساں ترقی کے مواقع فراہم کیے جائیں گے، مریم نواز

ارکان صوبائی اسمبلی پیر اشرف رسول اور خرم خان ورک کی ملاقات، شیخوپورہ کے عوامی مسائل پر تبادلہ خیال

پنجاب کے ہر ضلع میں کینسر لیب، چلڈرن ہسپتال اور کینسر سینٹر قائم کرنا چاہتے، بچوں کی صحت وتعلیم پہلی ترجیح ہے، وزیراعلیٰ

لاہور (نمائندہ خصوصی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے ارکان صوبائی اسمبلی پیر محمد اشرف رسول اور خرم خان ورک کی ملاقات ہوئی، جس میں شیخوپورہ کے عوامی مسائل، ترقیاتی منصوبوں اور سماجی پروگراموں پر تبادلہ (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 46)

میزائل کے استعمال پر جغرافیائی پابندی نہیں، ایران

نئے محاذوں پر بھی میزائل حملے کرنے کا عندیہ، جوہری ہتھیاروں کے حصول پر بحث تیز

تہران (صباح نیوز) ایران کی پاسدارانِ انقلاب نے خبردار کیا ہے کہ ضرورت پڑنے پر ایران نئے جغرافیائی محاذوں پر بھی میزائل حملے کر سکتا ہے اور اسے (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 34)

پاکستان کی کنگ عبداللہ فنانشل ڈسٹرکٹ پر حوثی حملے کی مذمت

تنصیبات، معاشی مراکز کو نشانہ بنانا امن وسلامتی کیلئے خطرہ ہے، دفتر خارجہ

اسلام آباد (صباح نیوز) پاکستان نے سعودی دارالحکومت ریاض میں واقع کنگ عبداللہ فنانشل ڈسٹرکٹ (KAFD) کے ایک ٹاور پر حوثی ملیشیا کے حملے کی شدید ترین الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے اسے مملکت سعودی عرب کی خودمختاری کی سنگین خلاف (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 35)

میرا برانڈ پاکستان ایکسپو 2026 آج سے شروع ہوگی

اسلام آباد (صباح نیوز) خواتین کی کاروباری صلاحیتوں کے فروغ، پاکستانی مصنوعات و برانڈز کی حوصلہ افزائی، نوجوان نسل میں قائدانہ صلاحیتوں کی آبیاری اور قرآن کریم (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 36)


اسلام آباد، وفاقی وزیر احسن اقبال اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

خدمت کے کاموں میں جماعت اسلامی کا مقابلہ کوئی نہیں کرسکتا، حافظ نعیم

جماعت اسلامی کراچی کے عوام کی پسندیدہ ترین جماعت بن چکی ہے، امیر

اپنی جیت پر کسی کو ڈاکہ ڈالنے کا موقع بھی نہیں دیں گے، منصورہ میں تربیت گاہ سے خطاب

لاہور (نمائندہ شہرنامہ) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن نے کہا ہے کہ جماعت اسلامی اقامت دین کی عالمگیر جماعت ہے۔جماعت اسلامی دیگر سیاسی جماعتوں سے الگ اور منفرد پہچان رکھتی ہے، معاشرتی اصلاح اور خدمت کے کاموں (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 37)


لاہور، امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن تربیت گاہ کے شرکاء سے خطاب کررہے ہیں

شمالی وزیرستان، خواتین کے بھیس میں خارجی دہشتگرد ہلاک

رکشے میں خواتین کے بھیس میں فرار ہونے والے خارجی دہشت گردوں کو ہلاک کیا گیا

میران شاہ (مانیٹرنگ ڈیسک) شمالی وزیرستان میں سیکورٹی فورسز نے خواتین کے بھیس میں فرار ہونے والے خارجی دہشت گردوں کو ہلاک کردیا۔سیکورٹی ذرائع کے مطابق سیکورٹی فورسز نے عزم استحکام وژن کے تحت شمالی وزیرستان کے علاقے میر علی میں فتنہ الخوارج کے خلاف کارروائیاں کیں جس دوران رکشے میں خواتین کے بھیس میں فرار ہونے (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 38)


سربراہ JUI مولانا فضل الرحمن سے امیر جمعیت چارسدہ مولانا سید محمد گوہر شاہ ملاقات کررہے ہیں

بدبودار نظام کو چھوٹے صوبے بنا کر درست کرنیکی سوچ ناقابل فہم، سعد رفیق

ایسا نہ ہو کہ چھوٹی بادشاہتیں قائم کردی جائیں اور ان پر شہنشاہ ایک ہی رہے

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) سابق وفاقی وزیر اور مسلم لیگ ن کے سینئر رہنما خواجہ سعد رفیق نے کہا ہے کہ سیاسی کمٹمنٹیں ختم ہونی چاہیں مگر ایسا نہ ہو کہ چھوٹی بادشاہتیں قائم (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 39)



روزنامہ شہرنامہ اسلام آباد
Daily SHEHAR NAMA Islamabad

ایڈیٹوریل

فون: 0333-5196088
0344-5335568
Email:sheharnama@gmail.com

ایڈیٹر و پبلشر عائشہ تنویر نے روحانی آرٹ پرنٹنگ پریس 35/E چغتائی پلازہ فضل حق روڈ بلیو ایریا اسلام آباد سے چھپوا کر سیکنڈ فلور العریش پلازہ، غوری ٹاؤن وی آئی پی اسلام آباد سے شائع کیا

رابطہ آفس: سیکنڈ فلور العریش پلازہ، غوری ٹاؤن وی آئی پی اسلام آباد
آفس: سٹریٹ نمبر 10، 11th ایونیو بحریہ انکلیو اسلام آباد

وفاقی حکومت آزاد کشمیر کو درکار تمام وسائل فراہم کرے گی!

مسلم لیگ (ن) کے صدر نواز شریف نے وزیر اعظم شہباز شریف، وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز اور وفاقی وصوبائی وزراء کے ہمراہ ریاست آزاد جموں وکشمیر کا دورہ کرتے ہوئے صدر آزاد کشمیر ڈاکٹر محمد نجیب نقی خان اور وزیر اعظم آزاد کشمیر بیرسٹر سید افتخار علی گیلانی سے ملاقات کی جس میں ترقیاتی امور اور 100 روزہ منصوبوں پر مشاورت کی گئی۔ وفاقی حکومت نے آزاد کشمیر میں عوامی فلاح وبہبود اور ترقیاتی منصوبوں کے لئے مکمل تعاون کا اعادہ کیا۔ میاں نواز شریف نے کہا کہ وہ چاہتے ہیں مسلم لیگ (ن) آزاد کشمیر میں کامیابی کے ریکارڈ قائم کرے۔ اُنہوں نے موٹروے منصوبوں پر ترجیحی بنیادوں پر کام شروع کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے یقین دلایا کہ وہ موٹروے آزاد کشمیر تک لانا چاہتے ہیں۔ اجلاس کے دوران اُنہوں نے اچھی کارکردگی پر وزیر اعظم شہباز شریف اور وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی تعریف بھی کی۔ وزیر اعظم شہباز شریف نے نو تعمیر شدہ رتھوعہ ہریام پُل کی تختی کی نقاب کشائی کرکے اُس کا افتتاح کیا۔ اُن کا کہنا تھا کہ وفاقی حکومت آزاد کشمیر کو درکار تمام وسائل فراہم کرے گی اور ترقیاتی منصوبے شفاف انداز میں مکمل کیے جائیں گے۔ اُنہوں نے اعلان کیا کہ آئندہ ماہ بھمبر میں دانش سکول کا افتتاح بھی کیا جائے گا۔ وزیر اعظم آزاد کشمیر نے ترقیاتی منصوبوں پر فوری عمل درآمد شروع کرنے کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ آئندہ چھ ماہ میں سیاحت کے شعبے کی تشکیل نو کی جائے گی اور سیاحتی مقامات تک رسائی کیلئے سڑکوں کے بنیادی ڈھانچے پر خصوصی توجہ دی جائے گی۔ اُنہوں نے آئندہ 100 روز کے دوران مزید چھ شہروں میں گرین بسیں چلانے، سکل ڈویلپمنٹ پروگرام شروع کرنے اور عوام کو عملی کام دکھائی دینے کی یقین دہانی بھی کرائی۔ آزاد کشمیر کے وزیر اعظم بیرسٹر سید افتخار علی گیلانی کی دعوت پر مسلم لیگ (ن) کی قیادت کا یہ دورہ وفاقی اور آزاد کشمیر حکومت کے درمیان تعاون کے حوالے سے بڑی اہمیت رکھتا ہے۔ اِس دوران خطے کی مجموعی صورتحال، عوامی فلاح وبہبود، صحت، تعلیم، مواصلات، سیاحت اور بالخصوص 100 روزہ ترقیاتی پلان پر تفصیلی مشاورت کی گئی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے جناب نواز شریف نے آزاد کشمیر کی ماضی کی حکومتوں کی کارکردگی پر تنقید کی اور کہا کہ خطے کے عوام کے ساتھ بے حسی کا سلوک روا رکھا گیا۔ اُن کا آزاد کشمیر میں موٹروے کا جال بچھانے اور وزیر اعظم شہباز شریف کو اِن منصوبوں پر ترجیحی بنیادوں پر کام شروع کرنے کی ہدایت دینا خطے کی ترقی کے حوالے سے ایک اہم اعلان ہے۔ اسی طرح وفاقی حکومت کی طرف سے 100 روزہ منصوبوں کے لئے وسائل کی فراہمی اور شفاف تکمیل کی یقین دہانی مرکز اور آزاد کشمیر کی حکومتوں کے مشترکہ ترقیاتی عزم کی عکاس ہے۔

آزاد جموں وکشمیر قدرتی حسن، آبی وسائل اور محنت کش افرادی قوت سے مالا مال خطہ ہے، تاہم سیاسی عدم استحکام، انتظامی کمزوریوں اور ترقیاتی فنڈز کے غیر مؤثر استعمال کے باعث بنیادی ڈھانچے کی تعمیر وترقی سست روی کا شکار رہی۔ رتھوعہ ہریام پُل کی تکمیل اِس سلسلے میں ایک اہم پیشرفت ہے۔ یہ پُل میرپور شہر کو اسلام گڑھ سے براہِ راست منسلک کرے گا جس کے نتیجے میں ڈڈیال، چکسواری، اسلام گڑھ اور ضلع کوٹلی سے آنے والی ٹریفک کو ڈیم عبور کرنے میں صرف چند منٹ لگیں گے بالخصوص ڈیم کے پار آباد لوگوں کے لئے یہ پُل روزمرہ سفر کو آسان اور تیز تر بنانے میں اہم کردار ادا کرے گا۔ اِس سے نہ صرف سفری سہولتوں میں بہتری آئے گی بلکہ علاقے کے معاشی اور سماجی روابط بھی فروغ پائیں گے تاہم اِس منصوبے کی تکمیل میں برسوں کی تاخیر اس حقیقت کو بھی اُجاگر کرتی ہے کہ ماضی میں ترقیاتی ترجیحات کا تعین درست انداز میں نہیں کیا گیا۔ اِس تناظر میں مسلم لیگ (ن) کی اعلیٰ قیادت کا مظفر آباد، میرپور اور وادی نیلم کا دورہ سیاسی اور انتظامی لحاظ سے غیر معمولی اہمیت رکھتا ہے۔ وفاقی حکومت کی طرف سے ترقیاتی عمل تیز کرنے، موٹرویز کی تعمیر اور سیاحت کے فروغ کیلئے وادی نیلم جیسے علاقوں پر توجہ دینے کا اعلان خطے کی معیشت میں بہتری کا ذریعہ بن سکتا ہے۔

سیاحت آزاد کشمیر کی معیشت کی ریڑھ کی ہڈی بننے کی بھرپور صلاحیت رکھتی ہے، بشرطیکہ معیاری سڑکوں، قیام وطعام کی بہتر سہولیات اور ماحولیاتی تحفظ کو یقینی بنایا جائے۔ مسلم لیگ (ن) کا 100 روزہ ترقیاتی پلان خوش آئند ضرور ہے، لیکن اس کی کامیابی کا انحصار فنڈز کے شفاف استعمال، بروقت تکمیل اور مؤثر نگرانی پر ہوگا۔ وزیر اعظم شہباز شریف نے عوامی فلاح کے منصوبوں کو شفافیت اور تندہی سے مکمل کرنے کو حکومت کی اولین ترجیح قرار دیا ہے۔ وفاقی حکومت کو اس مقصد کیلئے سخت اور غیر جانبدارانہ نگرانی کا نظام وضع کرنا ہوگا تاکہ ترقیاتی منصوبے ماضی کی طرح تاخیر یا بدعنوانی کی نذر نہ ہوں۔ آزاد کشمیر کی مقامی سیاسی قیادت اور انتظامیہ پر بھی بھاری ذمہ داری عائد ہوتی ہے۔ صدر اور وزیر اعظم آزاد کشمیر کی وفاقی قیادت کے ساتھ ہم آہنگی مثبت پیش رفت ہے، لیکن اس کے ثمرات عام آدمی تک پہنچنا ضروری ہیں۔ صحت اور تعلیم کے شعبوں میں اصلاحات، ہسپتالوں میں جدید طبی سہولیات کی فراہمی، تعلیمی اداروں کا معیار بلند کرنے اور نوجوانوں کیلئے روزگار کے مواقع پیدا کرنے جیسے بنیادی تقاضوں کو بھی ترقیاتی منصوبوں کا حصہ بنانا ہوگا۔ مسلم لیگ (ن) کی قیادت کا یہ دورہ آزاد کشمیر میں تعمیر وترقی کے نئے باب کے آغاز کی اُمید دلاتا ہے۔ وفاقی اور کشمیری حکومتیں باہمی تعاون، دیانت داری اور تسلسل کے ساتھ ترقیاتی ایجنڈے پر عمل پیرا رہیں تو نہ صرف خطے کے دیرینہ مسائل حل ہو سکتے ہیں بلکہ اسے مزید ترقی اور خوشحالی کی راہ پر بھی گامزن کیا جا سکتا ہے۔

غربت نے عام آدمی کی زندگی مشکل بنادی!



کراچی پریس کلب کے پروگرام "میٹ دی پریس" سے خطاب کرتے ہوئے چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے خبردار کیا ہے کہ سندھ کی تقسیم زبردستی ہوئی تو سڑکوں پر خون خرابہ ہو گا، بھائی بھائی کو قتل کرے گا اور معاشرے میں ایسی تقسیم پیدا ہوگی جو دشمنی تک جا پہنچے گی۔ اُن کا کہنا تھا کہ پیپلز پارٹی کسی بھی غیر آئینی اقدام کا ڈٹ کر مقابلہ کرے گی، 27ویں آئینی ترمیم سیاسی اتفاق رائے کے بجائے جبری اکثریت سے منظور ہوئی، نظام خود بخود تباہ نہیں ہوا بلکہ اِسے تباہ کیا گیا ہے جس کی بحالی کے لئے پاکستان تحریک انصاف کے بانی عمران خان سمیت سیاسی قیدیوں کو رہا کرنا ہوگا۔ اُنہوں نے مولانا فضل الرحمان اور تحریک انصاف سمیت اپوزیشن کا اعتماد بحال کرنے، انتقامی کارروائیاں بند کرنے اور سیاسی نظام کو نئے صوبوں کے بجائے سیاسی ری سیٹ کے ذریعے درست کرنے پر زور دیا۔ اُن کے مطابق نئے صوبوں کے معاملے پر نہ اُن سے اور نہ ہی صدر آصف علی زرداری سے کوئی بات ہوئی ہے، حتیٰ کہ کابینہ میں بھی اس پر بحث یا فیصلہ نہیں ہوا۔ بلاول بھٹو نے عمران خان کو سیاسی قیدی قرار دیتے ہوئے کہا کہ تحریک انصاف کے بغیر ملک نہیں چل سکتا۔ حکومت کو اپوزیشن کی مخصوص نشستیں واپس دینے پر بھی بغیر کسی پیشگی شرط کے غور کرنا چاہئے۔ انتخابی نشان اور مخصوص نشستوں کے معاملے پر کیے گئے اقدامات سے اپوزیشن کا اعتماد مجروح ہوا جبکہ کسی سیاسی جماعت کو غدار یا ملک دشمن قرار دینا جمہوری نظام کے ساتھ ناانصافی ہے۔ اُنہوں نے پارلیمان کے ارکان کو آزادانہ طور پر اپنا مؤقف پیش کرنے اور قانون سازی میں حصہ لینے کا حق دینے پر زور دیا۔ کسی رکن کو یہ خوف نہیں ہونا چاہئے کہ کسی بل پر ووٹ دینے یا تقریر کرنے کے نتیجے میں اُس کے خلاف نیب کارروائی شروع ہوجائے گی۔

کرپشن کو ملک کا بنیادی مسئلہ قرار دیتے ہوئے اُنہوں نے احتساب کے اداروں کے سیاسی استعمال پر تنقید کی اور کہا کہ بدعنوانی میں سیاست دانوں کے ساتھ بیوروکریسی بھی ملوث ہوسکتی ہے لہٰذا احتساب سب کے لئے یکساں ہونا چاہئے۔ عدلیہ، الیکشن کمیشن، پارلیمان اور میڈیا سمیت تمام اداروں کو اپنی ساکھ اور عوامی اعتماد بحال کرنا ہوگا۔ اعلیٰ عدلیہ کے سینئر ججوں کے استعفے بھی عدالتی نظام پر اعتماد کے حوالے سے اہم سوالات اٹھاتے ہیں۔ بلاول بھٹو کے اِس خطاب نے ملکی سیاست اور حکومتی اتحادیوں کے درمیان پائے جانے والے تضادات کو نمایاں کر دیا ہے۔ پیپلز پارٹی موجودہ حکومتی اتحاد کا کلیدی حصہ ہے اور 27ویں آئینی ترمیم کی منظوری کے عمل میں بھی پیش پیش رہی ہے۔ کہا جا سکتا ہے کہ ایک طرف ترمیم کی منظوری میں بھرپور کردار ادا کرنا اور دوسری طرف اُسی ترمیم کو جبری اکثریت کا نتیجہ قرار دینا کھلا تضاد ہے۔ ناقدین بلاول بھٹو کی وہ پارلیمانی تقریر بھی یاد دلاتے ہیں جو ترمیم کی منظوری کے بعد کی گئی تھی جس میں وہ اس کا کریڈٹ لیتے اور اُس کے حق میں بھرپور دلائل دیتے نظر آئے تھے۔ خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج کے حوالے سے پیپلز پارٹی کی طرف سے اپنے نامزد گورنر کے لئے وسیع تر اختیارات کی حمایت بھی سوالات کو جنم دیتی ہے۔ ایک طرف بلاول بھٹو اپوزیشن کے جمہوری حقوق، پارلیمانی بالادستی اور سیاسی آزادیوں کی بات کرتے ہیں تو دوسری طرف ایسے انتظامی اقدامات کی حمایت کرتے دکھائی دیتے ہیں جنہیں ناقدین جمہوری اصولوں کے برعکس قرار دیتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ سینیٹ میں اپوزیشن لیڈر نے انہیں قول وفعل کا تضاد ختم کرنے کا مشورہ دیتے ہوئے کے پی کے سے گورنر راج اُٹھا کر پہل کرنے کی تجویز دی۔ نئے صوبوں کے معاملے پر بھی بلاول بھٹو کا طرزِ بیان سخت اور جذباتی رہا۔ کسی بھی صوبے کی تقسیم ایک حساس معاملہ ہے جس کے سماجی، تاریخی، لسانی اور انتظامی پہلوؤں کو نظرانداز نہیں کیا جا سکتا لیکن اس پر خونریزی جیسے الفاظ کے استعمال کے بجائے سیاسی قیادت کو اتفاق رائے کی حوصلہ افزائی کرنی چاہئے۔ بلاول بھٹو کے بیان پر متحدہ قومی موومنٹ کی طرف سے اِسے مہاجروں کے خون بہائے جانے سے جوڑ دینے سے سیاسی ماحول میں کشیدگی بڑھ رہی ہے۔ بلاول بھٹو ایک طرف معاشی مشکلات، مہنگائی اور غربت کے تناظر میں سیاسی تقسیم ختم کرنے، گرینڈ ڈائیلاگ اور آل پارٹیز کانفرنس کی ضرورت پر زور دیتے ہیں لیکن دوسری طرف سندھ کی تقسیم کے معاملے پر ایسا سخت لہجہ اختیار کرتے ہیں جو سیاسی درجہ حرارت میں اضافے کا سبب بن سکتا ہے۔ اِسی طرح نظام کو ری سیٹ کرنے کے لئے وہ سیاسی مفاہمت اور اداروں کی مضبوطی کو ناگزیر قرار دیتے ہیں لیکن نظام کی خرابی کا ملبہ بھی اُن پالیسیوں پر ڈالتے دکھائی دیتے ہیں جن میں ان کی جماعت خود شریک رہی ہے۔ نظام کی اصلاح ضروری ہے، اپوزیشن کے تحفظات دور ہونے چاہئیں اور تمام سیاسی جماعتوں کو پارلیمان میں مؤثر کردار ادا کرنے کا موقع ملنا چاہئے تاہم حکومتی اتحاد میں شامل جماعتوں کو بھی اپنی ذمہ داریوں کا تعین کرنا ہوگا۔ پیپلز پارٹی کے حامیوں اور بلاول بھٹو کے نزدیک اُن کا مؤقف وفاقی اکائیوں کے تحفظ اور زمینی حقائق کی بنیاد پر ہے۔ اُن کا استدلال ہے کہ کسی صوبے کی تقسیم محض انتظامی معاملہ نہیں بلکہ اُس کے گہرے سماجی اور تاریخی اثرات ہوں گے۔ ماضی میں لسانی بنیادوں پر ہونے والے تشدد کے تناظر میں وہ کسی بھی غیر آئینی یا جبری اقدام کے نتائج سے خبردار کر رہے ہیں۔ اِسی طرح احتساب کے یکساں نظام، عدالتی اصلاحات اور اداروں پر عوامی اعتماد کی بحالی سے متعلق ان کے نکات بھی اہمیت رکھتے ہیں تاہم جمہوری اصولوں کی پاسداری کا تقاضہ ہے کہ یہ مؤقف تمام معاملات میں یکساں طور پر اختیار کیا جائے، نہ کہ سیاسی مصلحت کے تحت ایک معاملے میں جمہوریت اور دوسرے میں انتظامی اختیار کو ترجیح دی جائے۔ پاکستان اِس وقت معاشی اور سیاسی مشکلات کا سامنا کر رہا ہے۔ مہنگائی، بے روزگاری اور غربت نے عام آدمی کی زندگی مشکل بنا رکھی ہے۔

دھڑا اور دھڑا!



طلبہ سیاست نے ریاست کو کئی زیرک اور قدآور سیاستدان دیے ہیں تاہم پچھلی دوتین دہائیوں سے طلبہ سیاست کو بانجھ بنانے میں ملتان کے "داغی" سمیت ہر اس مخصوص نام نہاد سٹوڈنٹ لیڈر کا کلیدی کردار رہا جو خود بھی اس نرسری سے سیراب ہوتے ہوئے اس مقام تک پہنچا ہے۔ مسلم سٹوڈنٹس فیڈریشن کے عہدیداران اور کارکنان تحریک قیام پاکستان اور قائداعظم محمد علی جناحؒ کا ہراوّل دستہ تھے تاہم قیام پاکستان کے بعد مسلم لیگ کے متعدد دھڑوں میں سے کسی نے بھی اس طلبہ تنظیم کو "اون" اور منظم نہیں کیا۔ ریاست طلبہ سیاست کی بحالی سمیت ماضی کی طرح دوبارہ کالجز کی سطح پر فوجی تربیت کا اہتمام یقینی بنائے۔ میں سمجھتا ہوں طلبہ برادری کی صحتمند سیاسی سرگرمیوں کیلئے بردباری سے ایک متفقہ ضابطہ اخلاق بنایا اور اس کی پہریداری سے طلبہ سیاست کو کشت و خون سے بچایا جاسکتا ہے۔ عوامی مسلم لیگ کے مرکزی صدر اور پاکستانیوں کی ہردلعزیز سیاسی شخصیت شیخ رشید احمد بھی طلبہ سیاست سے ابھرتے ہوئے قومی سیاست میں متحرک ہوئے اور آج ان کا شمار مادر وطن میں قومی سطح کے دس مقبول، معقول، مستند اور بااثر سیاستدانوں میں ہوتا ہے۔ جس طرح انتخابات میں ووٹر اپنے ووٹ کی چوٹ سے اجنبی "امیدواروں" کی "امیدوں" کا بھرکس بناتے ہیں اس طرح دبنگ شیخ رشید احمد کو اپنے فقروں کی "کاٹ" سے اپنے مدمقابل سیاستدانوں کی "واٹ" لگانے کا ہنر آتا ہے۔ وہ نوے کی دہائی میں اپنی اچھوتی لفاظی اور اپنے پرجوش انداز خطاب سے ناظرین وحاضرین پر سحر طاری کر دیا کرتے تھے۔ دوران تقریر شیخ رشید احمد کی منفرد "شیخیاں"، "شوخیاں" اور "سرگوشیاں" پنڈال میں براجمان سیاسی عمائدین اور سامعین کو بیحد پسند آتی تھیں۔ ان کے کئی "جملے" انتہائی "چیلے" ہوا کرتے تھے، وہ اب بھی کوئی بات کریں تو اس کی بازگشت دنیا بھر میں سنی جاتی ہے۔ شیخ رشید احمد نے شروع سے سیاست میں "دھڑا" مارا جبکہ اپنے سیاسی نظریات کیلئے کئی بار دھڑلے سے سر "دھڑ" کی بازی لگائی ہے۔ ان کی سیاست کا اہم ہدف محروم طبقات کی بحالی جبکہ مٹھی بھر اشرافیہ کی ریاست پر طویل اجارہ داری کیخلاف عوام کی بیزاری اور بیداری یقینی بنانا ہے۔ وہ طلبہ سیاست کی طرح قومی سیاست کے بھی سرخیل ہیں، انہوں نے زندانوں میں قید تنہائی کے باوجود اس سیاہ دور کے فرعونوں کا کوئی فرمان تسلیم نہیں کیا تھا۔

1985ء سے 2022ء تک شیخ رشید احمد کے پاس وزارت نشر واشاعت، وزارت ریلوے اور وزارت داخلہ سمیت کئی اہم وزارتوں کے قلمدان رہے ہیں۔ شیخ رشید احمد آج جس مقام پر ہیں وہ انہوں نے اپنے زور بازو اور زور بیاں سے حاصل کیا ہے۔ ان کی سیاست کا سلسلہ زیادہ پیچیدہ اور کٹھن یا بہت زیادہ آسان نہیں رہا، انہیں کئی بار سخت ترین قید و بند کا سامنا کرنا پڑا۔ وہ دوشہرہ آفاق کتب ××فرزند پاکستان×× اور ××لال حویلی سے اقوام متحدہ تک×× کے مصنف بھی ہیں۔ شیخ رشید احمد یار باش انسان ہیں، ان کی بیباکی اور سادگی ان کا طرہ امتیاز ہے۔ انہوں نے زندگی بھر ××دھڑا×× اور ××تھڑا×× نہیں چھوڑا، باب العلم سیّدنا علی المرتضیٰؓ نے فرمایا تھا، "جو زمین پر بیٹھتے ہیں انہیں گرنے کا ڈر نہیں ہوتا"۔ شیخ رشید احمد کو آج بھی اپنی حویلی کے آس پاس کسی ریڑھی یا چھابڑی والے کے پاس عوامی انداز میں ناشتہ کرتے ہوئے دیکھا جاسکتا ہے۔ وہ عوام میں سے ہیں اور انہیں عوام میں گھلنا ملنا بیحد پسند ہے۔ عوامی مسلم لیگ کے عوامی سربراہ شیخ رشید احمد کا شمار ان خوش نصیب سیاسی شخصیات میں ہوتا ہے جو اپنی شروعات سے اب تک کئی نشیب وفراز کے باوجود فتوحات سمیٹ رہے ہیں، انہیں ایوان میں نہ ہوتے ہوئے بھی ہموطنوں سمیت اوورسیز پاکستانیوں کے اذہان میں رہنا آتا ہے۔ آج بھی ان کی نیوز سنس برقرار بلکہ اپنے بیسیوں ہم عصر سیاستدانوں اور متعدد وفاقی وزراء کے مقابلے میں زیادہ ہے۔ انہیں 1985ء سے اب تک بارہا اعلیٰ منتخب ایوان میں جانے کا اعزاز حاصل رہا ہے۔ وہ بیک وقت مقتدر اور منتخب شخصیات کے مقرب جبکہ مختلف ادوار میں زیرعتاب بھی رہے ہیں۔ نوے کی دہائی میں ان کا سیاسی بلیم گیم کیلئے "استعمال" اور بعد ازاں بدترین "استحصال" بھی کیا گیا لیکن اس مرد میدان نے آج تک میدان اور اپنے حلقہ انتخاب کے باوفا وباصفا ووٹرز سمیت امید کا دامن نہیں چھوڑا۔ ان کے عوامی سیاسی انداز نے انہیں عام آدمی کا نمائندہ اور عوامی مسلم لیگ کا سربراہ بنا دیا۔ طلبہ سیاست سے ابھرتے ہوئے قومی سیاست کے افق پر روشن ہونیوالے متعدد ستاروں کی فہرست میں شیخ رشید احمد کا نام نامی آج بھی باقی کرداروں سے بہت اوپر ہے، راقم سمیت ہماری سیاست کے کئی چہروں نے شیخ رشید احمد کو قومی سطح پر ملنے والی بھرپور پذیرائی اور کامیابی وکامرانی کو دیکھتے ہوئے طلبہ سیاست کا رخ کیا تھا۔ میں مسلم سٹوڈنٹس فیڈریشن لاہور کا جنرل سیکرٹری، مرکزی سیکرٹری اطلاعات اور سابقہ ممبر پنجاب اسمبلی عبدالعلیم شاہ کے بعد باضابطہ منتخب مرکزی صدر رہا ہوں۔ جس طرح ایک پیر کی مرید آپس میں "پیر بھائی" ہوتے ہیں، اس طرح ماضی میں مسلم سٹوڈنٹس فیڈریشن سے وابستہ ہونے کی بنیاد پر راقم اور شیخ رشید احمد ایک دوسرے کے "تنظیمی بھائی" ہیں اور ہمارے درمیان یہ "خون" اور "جنون" کا رشتہ ہے۔

شیخ رشید احمد کا نام نامی دل ودماغ میں آنے سے پانچ دہائیوں کی سیاسی تاریخ کسی فلم کی طرح آنکھوں میں گھوم جاتی ہے۔ انہوں نے طلبہ سیاست سے قومی سیاست تک کے اپنے طویل اور کٹھن ××سفر×× کے دوران کئی بار اور کئی طرح کے ××Suffer×× کیے ہیں۔ راقم ان کے عہد شباب اور عہد شاداب کا چشم دید شاہد ہے، میں نے انہیں منتخب ایوان، موچی گیٹ کے تاریخی میدان اور مینار پاکستان لاہور کے سبزہ زار میں پرجوش انداز میں تقریریں کرتے ہوئے سنا ہے۔ وہ اپنی مخصوص فقرے بازی اور دوسروں کو منفرد القابات سے پکارنے کی عادت سے اپنے مدمقابل کو زچ بلکہ بدحواس کر دیا کرتے تھے۔ راولپنڈی کے میدانوں سے اسلام آباد کے ایوانوں تک شیخ رشید احمد کی سیاست ہماری ریاست کی محبت میں گندھی ہوئی ایک زندہ تاریخ ہے۔ اب بھی وہ جس بیٹھک یا مجلس میں بیٹھتے ہیں انہیں وہاں مرکز نگاہ بنالیا جاتا ہے۔

آوازِ جرس!



عام مسلمانوں کے دل زخمی ہیں، وہ بے بس بھی ہیں اور لاچار بھی یقینا وہ دل ہی دل میں کڑھتے رہتے ہیں ہونٹوں پر فریاد مچل مچل جاتی ہے کیونکہ ایک صدی مسلم حکمرانوں کا کردار انتہائی بھیانک ہے جو بیکار مشاغل میں مبتلا ہیں اور ایک دوسرے کے دشمن بنے ہوئے ہیں جو ہتھیار اسلام دشمنوں کے لئے اٹھنے چاہیے تھے وہ ایک دوسرے کے خلاف اٹھے ہوئے ہیں اپنے وسائل دشمنی کی جنگ میں جھونک رہے ہیں جس سے صرف نظر کرنا خودکشی کے مترادف ہے اس لئے جتنی جلدی ہوسکے امت مسلمہ کو خواب غفلت سے بیدار ہونا چاہیے یہ آوازِ جرس بھی ہے حالات کا تقاضا بھی۔ ایک دانشور لوئی پاسچر کا قول ہے کہ علم کا کوئی وطن نہیں ہوتا۔ مولانا الطاف حسین حالی نے اپنے ایک شعر میں اسی حقیقت کی طرف یوں اشارہ کیا ہے کہ حکمت کو اک گم شدہ لعل سمجھو جہاں پاؤ اپنا اسے مال سمجھو دراصل انہوں نے ایک حدیث مبارکہ کی طرف اشارہ کیا ہے جس کا مفہوم علم مومن کی گمشدہ میراث ہے آثار قدیمہ سے معلوم ہوتا ہے کہ سمیریا، بابل اور مصر کی تہذیب وتمدن میں سب سے پہلے انسانی علمی کاوشوں کا آغاز ہوا۔ پھر یونانیوں کا دور آیا۔ جب ایک مدت کے بعد یونان پر زوال آیا تو یہ اندیشہ تھا کہ علم و ہنر کا کارواں جو کئی ہزار سال سے منزلیں طے کرتا چلا آ رہا تھا، اب تباہ ہو جائے گا لیکن بنی نوع انسان کی خوش قسمتی سے اس کارواں کو مسلمان قافلہ سالار مل گئے۔ عرب کے ان مایہ ناز عالموں کے نام سائنس کی تاریخ میں اب تک درخشاں ہیں جن کے بغیر تاریخ نامکمل ہے۔ کندی، زکریا، رازی، جابر بن حیان، البیرونی، بوعلی سینا، ابونصر فارابی، بنوموسی وغیرہ، یہ ایسی کوہ پیکر شخصیات ہیں جن پر اسلامی سائنس جتنا ناز کرے کم ہے۔ ان میں ایک نام ہے ابوعلی حسن ابن الحسن ابن الہیثم کا۔ سائنس کے ایک امریکی مورخ جارج سارٹن کے بقول ابن الہیثم دنیا سب سے بڑا طبیعیات دان مسلمان عالم تھا، جسے دنیا کے عظیم ترین علم دوست اشخاص میں شمار کرنا چاہیے۔ ابن الہیثم نے سائنس کے مختلف شعبوں کو بالخصوص علم مرایا و مناظر کو جو ترقی دی ہے اس کا جواب بہت کم ملے گا۔ دنیا کو ابن الہیثم کے ذاتی حالات کا علم زیادہ نہیں، البتہ اس کی علمی سرگرمیوں سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ ایک متحرک اور ہمہ جہت شخصیت تھے آپ کی زندگی ایسے زمانے میں بسر ہوئی جب ریاضیات کا علم اپنی معراج پر تھا۔ علم الاعداد، علم المثلثات، دائروں اور مخروطوں کی پیمائش یعنی علم ہندسہ وغیرہ ان دنوں مصر اور عرب کی یونیورسٹیوں میں بے حد شوق سے پڑھے جاتے تھے۔ یونانی فلسفی یعنی جالینوس، ارسطو، اقلیدس اور بطلیموس کے نظریات اس عہد کے لوگوں کے ذہن پر چھائے ہوئے تھے۔ ایسے زمانے میں ابن الہیثم نے آنکھ کھولی۔ لیکن انہوں نے اندھا دھند تقلید کے بجائے اپنا الگ راستہ بنایا صدیوں سے رائج نظریات کو دلیل سے رد کیا انہوں نے مشاہدات و تجربات کو اپنا رہبر بنایا۔ دنیا کے مایہ ناز سائنس دان ابن الہیثم بصرہ میں 965ء ابن الہیثم میں پیدا ہوئے۔ تعلیم سے فارغ ہوکر آپ قاہرہ چلے گئے جو ان دنوں عظیم دارالسلطنت ہونے کے علاوہ علم و دانش کا سب سے بڑا مرکز تھا۔ قاہرہ میں وہ ایک ممتاز ریاضی دان اور انجینئر کی حیثیت سے اتنا مشہور ہوا کہ فاطمی خلیفہ الحاکم نے اسے اپنی خدمت میں لے کر سرفرازی بخشی۔ کچھ عرصے تک خلیفہ نے اسے بڑے احترام سے رکھا۔ ایک مرتبہ دریائے نیل کی سالانہ طغیانی سے آس پاس کے علاقے میں سخت جانی اور مالی نقصان ہوا۔ ابن الہیثم نے اس تباہی خیز دریا پر بندھ باندھنے کا منصوبہ تیار کیا وہ جس انداز سے اس منصوبے کو پایہ تکمیل کرنا چاہتے تھے خلیفہ کے بیشتر مقربین اس کے شدید مخالف ہوگئے جس سے اس کا یہ عظیم الشان منصوبہ بعض وجوہ سے ناکام ہوگیا اور خلیفہ کے غیظ وغضب سے بچنے کے لیے ابن الہیثم قاہرہ سے بھاگا اور جب تک خلیفہ زندہ رہا، اس نے اپنے آپ کو دیوانہ مشہور کر دیا۔ تاہم یہ فخر کیا کچھ کم ہے اسی دیوانے ابن الہیثم کے منصوبے کو ایک ہزار سال بعد حکومت مصر نے دریائے نیل کا مشہور سوان بند بنا کر پورا کر دکھایا۔ اس نے گم نامی کے اس زمانے میں فراغت کے ساتھ تصنیف وتالیف کا کام کیا۔ اس کی سب سے عمدہ تصنیف کتاب المناظر ہے جو علم البصریات پر سب سے پہلی جامع کتاب ہے۔ اس کتاب میں مصنف نے اقلیدس اور بطلیموس کے اس نظریے کی تردید کی ہے کہ نگاہ آنکھ سے نکل کر دوسری چیزوں پر پڑتی اور انہیں دیکھتی ہے۔ ابن الہیثم کا بیان ہے کہ نگاہ آنکھ سے نکل کر دوسری چیزوں پر نہیں پڑتی بلکہ خارجی چیزوں کا عکس آنکھ پر پڑتا ہے۔ اس کے اس نظریے کو اس کے معاصروں اور بعد میں آنے والوں نے بہت کم تسلیم کیا۔ اس زمانے کے ماہرین چشم نے بھی یہ نظریہ قبول نہیں کیا لیکن البیرونی اور بوعلی سینا جیسے دیدہ ور اس کے نظریوں کو تسلیم کرتے تھے۔ ابن الہیثم نے رنگ اور روشنی کے انتشار، انعکاس نور اور فریب نظر پر بھی بحث کی ہے اور انعکاس نور کے زاویے دریافت کیے۔ ابن الہیثم کا مسئلہ آج بھی علم المناظر میں اس کا نام روشن کر رہا ہے۔ انعطاف نور کے مسئلے کی جانچ ابن الہیثم نے شفاف چیزوں یعنی ہوا اور پانی کے ذریعے کی۔ اس نے کروی اجسام کے ذریعے یعنی گلاسوں میں پانی بھر کر چھوٹی چیزوں کو بڑا دکھانے والے عدسے یا خوردبین کا راز نظری طور پر معلوم کر لیا تھا۔ تین صدی بعد اٹلی میں ایسے عدسے تیار کیے گئے۔ مغربی مصنفوں مثلاً راجر بیکن نے علم المناظر پر جو کچھ لکھا ہے ان کی بنیادی معلومات کا سہرا ابن الہیثم کے سر ہے۔ ابن الہیثم کی تصانیف سے لیونارڈ ڈاونسی، کیپلر اور آئزک نیوٹن جیسے جلیل القدر لوگ متاثر ہوئے۔ ابن الہیثم کی ایک اور کتاب میزان الحکم ہے جس میں علم ڈائنامکس کے اصول بیان کیے ہیں۔ اس کتاب میں فضا میں کثافت اور اس کے وزن کی نسبت کی خوب تشریح کر کے یہ واضح کیا ہے کہ لطیف اور کثیف فضاؤں میں اجسام کا وزن گھٹتا بڑھتا ہے۔ وہ کشش ثقل کے نکتے کو خوب جانتا تھا اور اسے ایک عظیم طاقت تسلیم کرتا تھا۔ تیز رفتاری، فضا اور اجسام کے گرنے میں جو نسبت ہے اسے وہ پوری صحت سے جانتا تھا۔

باریک نلیوں میں سیال مادے جس طرح چڑھتے ہیں اور درختوں کے پتوں میں رس جس طرح پہنچتا ہے، اس کے اصول یعنی قانون انجذاب پر اس کی بہت نظر تھی۔ ایک بھرپور زندگی گزارنے کے بعد اس عظیم مسلم سائنس دان کا انتقال 1039ء میں ہوا۔ مسلمانوں کی ستم ظریفی یہ ہوئی کہ گذشتہ 100 کے دوران تخلیقی، تحقیقی اور فکری نظریاتی کام بتدریج کم ہوتا چلا گیا اور آج ہم مسلسل انحطاط پذیر ہیں یہی وجہ ہے کہ یہودی وعیسائی علمی، تحقیقی وایجادات کے میدان میں ہم سے ہزاروں کوس آگے ہیں بدقسمتی سے ہمیں اس کا پھر بھی ادراک نہیں ہو رہا یہی تنزلی کا بڑا سبب بن گیا ہے اس سلسلہ مسلم حکمرانوں کا کردار انتہائی بھیانک ہے جو لایعنی سرگرمیوں، بیکار مشاغل اور ایک دوسرے کے دشمن بن کر اپنے وسائل دشمنی کی جنگ میں جھونک رہے ہیں جس سے صرف نظر کرنا خودکشی کے مترادف ہے اس لئے جتنی جلدی ہوسکے امت مسلمہ کو خواب عفلت سے بیدار ہونا چاہیے یہ آوازِ جرس بھی ہے حالات کا تقاضا بھی۔

SHEHAR NAMA شہرنامہ

فن وثقافت



عالیہ بھٹ 'ٹائم 100 نیکسٹ انڈیا' کے کور کی زینت بنیں گی



ممبئی (پی این پی) بالی ووڈ اداکارہ عالیہ بھٹ کو امریکی جریدے ٹائم کی پہلی 'ٹائم 100 نیکسٹ انڈیا' فہرست کے کور (سرورق) کے لیے منتخب کر لیا گیا۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق اداکارہ کو بھارتی فلمی صنعت میں اپنے مؤثر کرداروں اور خواتین کے لیے زیادہ محفوظ اور مساوی پیشہ ورانہ ماحول کے فروغ کی مسلسل کوششوں کے اعتراف میں یہ اعزاز دیا گیا ہے۔ جریدے ٹائم نے اپنے انسٹاگرام اکاؤنٹ پر اس فہرست کا اعلان کرتے ہوئے عالیہ بھٹ کو بالی ووڈ کی ایک نمایاں شخصیت قرار دیا اور ان کے انڈسٹری میں قدم رکھنے سے لے کر بھارت کی معروف اداکاراؤں میں شامل ہونے تک کے سفر کو اجاگر کیا۔ جریدے نے اس بات کی بھی نشاندہی کی کہ عالیہ بھٹ نے اپنے کیریئر میں ایسے کرداروں کا انتخاب کیا جنہوں نے بطور اداکارہ ان کی صلاحیتوں کو آزمایا، ان میں فلم اڑتا پنجاب میں ایک بہاری تارک وطن مزدور خاتون کا کردار بھی شامل ہے، جس پر انہیں بہترین اداکارہ کا فلم فیئر ایوارڈ ملا تھا۔ اداکاری کے علاوہ عالیہ بھٹ فلمی سیٹس پر خواتین کے لیے بہتر ماحول کی ضرورت پر بھی آواز اٹھاتی رہی ہیں۔ انہوں نے کام کی جگہ پر تحفظ اور تفریحی صنعت میں خواتین کو درپیش مشکلات کو اجاگر کیا ہے۔ ٹائم 100 نیکسٹ انڈیا کے سرورق کے لیے ان کا انتخاب ان کے کیریئر میں ایک اور اہم سنگِ میل ہے، جس کا آغاز 2012ء میں ہوا تھا اور اس کے بعد سے وہ بھارتی سینما میں مختلف نوعیت کے متعدد کردار ادا کر چکی ہیں۔

جمال پاشا نے مجھ سے شادی کیلئے خودکشی کی کوشش کی تھی: نشو بیگم



لاہور (پی این پی) پاکستانی فلم انڈسٹری کی سینئر اداکارہ اور اداکارہ صاحبہ کی والدہ نشو بیگم نے انکشاف کیا ہے کہ میں نے اپنے شوہر جمال پاشا کو پہلی بیوی اور بچوں سے دوبارہ تعلقات بحال کرنے پر آمادہ کیا تھا۔ نشو بیگم نے اپنے یوٹیوب چینل پر حالیہ وی لاگ میں بتایا ہے کہ جمال پاشا پہلے سے شادی شدہ تھے، تاہم ان کی پہلی بیوی سے علیحدگی ہو چکی تھی، جمال پاشا نے مجھ سے شادی کے لیے مختلف بہانے بنائے اور یہاں تک کہا کہ اگر تم نے شادی نہ کی تو میں خودکشی کر لوں گا۔ نشو بیگم کے مطابق میں اس وقت کافی معصوم تھی، میرے پہلے شوہر کا انتقال ہو چکا تھا اور میرے چھوٹے بچے بھی تھے، میں نے جمال پاشا کو خودکشی سے منع کیا اور سمجھایا کہ زندگی بہت قیمتی ہے۔ اداکارہ نے بتایا ہے کہ بعد ازاں میں نے جمال پاشا کی پہلی بیوی اور بچوں کو دوبارہ گھر واپس لانے میں مدد کی

خاندان کو بکھرنے سے بچانا زندگی کی سب سے بڑی کامیابی ہے: شہود علوی

کراچی (پی این پی) پاکستانی اداکار شہود علوی کا کہنا ہے کہ میری زندگی کی سب سے بڑی کامیابی اپنے خاندان کو ساتھ لے کر چلنا اور اسے بکھرنے سے بچانا ہے۔ شہود علوی نے کم عمر میں شادی کی اور ازدواجی زندگی کامیابی سے گزاری، اداکار آج بھی شوبز انڈسٹری میں سرگرم ہیں اور اپنے کام کے باعث پہچانے جاتے ہیں۔ ایک انٹرویو میں اپنی زندگی کی سب سے بڑی کامیابی کے حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا ہے کہ دنیا نے کئی نامور فنکاروں کو دیکھا ہے جن کی شادیاں کئی دہائیوں تک قائم رہنے کے باوجود طلاق پر ختم ہوئیں۔ اداکار کے مطابق زندگی میں کامیابیاں حاصل کرنے، پیسہ کمانے اور دنیا گھومنے کے بعد انسان ان چیزوں کو اپنے سر پر سوار کر لیتا ہے، ایسے میں ضروری ہے کہ اپنے خاندان کو ترجیح دی جائے۔

مس یونیورس ویتنام سے 48 روز بعد ہی تاج واپس لے لیا گیا



پیرس (پی این پی) مس یونیورس ویتنام 2026ء کا خطاب جیتنے والی نگوین آئن نگوین سے مبینہ ضابطۂ اخلاق کی خلاف ورزیوں اور تنازعات کے باعث تاج واپس لے لیا گیا، مقابلے کی انتظامیہ نے ماڈل پر 6 ماہ کی پابندی عائد کرنے کے بعد یہ فیصلہ کیا ہے۔ مقابلے کی منتظم کمپنی فائیو سکس انٹرٹینمنٹ کے جنرل ڈائریکٹر فام دوی خانح نے 18 نومبر کو جاری کیے گئے بیان میں کہا ہے کہ نگوین کو انتظامیہ کی اجازت کے بغیر مختلف تقریبات میں شرکت کرتے ہوئے دیکھا گیا جس سے مقابلے کی ساکھ اور تشخص متاثر ہوا۔ دی نیوز کی رپورٹ کے مطابق تنازع کا آغاز اکتوبر میں ہوا تھا جب سوشل میڈیا پر مبینہ طور پر نگوین اور پہلی رنر اپ ترن مائی انہ کی ایسی گفتگو کے اسکرین شاٹس سامنے آئے جن میں انہوں نے مقابلہ حسن سے وابستہ دیگر شخصیات کے بارے میں نامناسب تبصرے کیے تھے، بعد ازاں مائی انہ نے معذرت بھی کی تھی۔ 12 اکتوبر کو انتظامیہ نے ان پیغامات کی تحقیقات شروع کرنے کا اعلان کیا جبکہ 25 اکتوبر کو نگوین کو 6 ماہ کے لیے مقابلے کی تمام سرگرمیوں سے معطل کر دیا گیا تھا۔ انتظامیہ کے مطابق نگوین نے اپنی ذہنی صحت سے متعلق مسائل کا ذکر کرتے ہوئے آرام اور علاج کے لیے وقت مانگا تھا

شازیہ منظور کی جائیداد پر مبینہ قبضے کی کوشش، 2 ملزمان گرفتار



لاہور (پی این پی) پاکستان کی معروف گلوکارہ شازیہ منظور کی جائیداد پر مبینہ طور پر قبضے کی کوشش اور دھمکیاں دینے کے الزام میں پولیس نے 2 ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ ترجمان ڈی آئی جی آپریشنز کے مطابق لاہور کی ملت پارک پولیس نے گلوکارہ شازیہ منظور کی درخواست پر فوری مقدمہ درج کرتے ہوئے کارروائی کی اور نامزد ملزمان سہیل اور بینش کو گرفتار کر لیا۔ پولیس کے مطابق ملزمان پر گلوکارہ سے جائیداد کے کاغذات پر زبردستی دستخط کروانے اور متنازع جائیداد پر پہنچ کر کرایہ داروں کو دھمکانے کے الزامات ہیں۔ ملزمان کے خلاف دھمکیاں دینے اور خواتین کو ہراساں کرنے کی دفعات کے تحت مقدمہ درج کیا گیا ہے۔ پولیس نے واقعے کی سی سی ٹی وی فوٹیج بھی حاصل کر لی ہے، جبکہ دیگر ملزمان کی گرفتاری کے لیے تفتیش جاری ہے۔ ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کامران کا کہنا ہے کہ لاہور میں قبضہ مافیا اور شہریوں کو ہراساں کرنے والوں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔



کاروبار کی اشاعت

ہفت روزہ شہر نامہ کے تحت شائع ہونے والا ماہنامہ

ای میل: shehar.nama@gmail.com

فون: 0333-5196088

دفاتر

051-2249091

کاروبار

کاروبار کی اشاعت کے لیے مضامین، خطوط اور اشتہارات

ای میل: shehar.nama@gmail.com

فون: 0333-5196088

دفاتر

051-2249091

کاروبار

کاروبار کی اشاعت کے لیے مضامین، خطوط اور اشتہارات

ای میل: shehar.nama@gmail.com

فون: 0333-5196088

دفاتر

051-2249091

کاروبار

کاروبار کی اشاعت کے لیے مضامین، خطوط اور اشتہارات

ای میل: shehar.nama@gmail.com

فون: 0333-5196088

دفاتر

051-2249091

کاروبار

کاروبار کی اشاعت کے لیے مضامین، خطوط اور اشتہارات

ای میل: shehar.nama@gmail.com

فون: 0333-5196088

دفاتر

051-2249091

کاروبار

کاروبار کی اشاعت کے لیے مضامین، خطوط اور اشتہارات

ای میل: shehar.nama@gmail.com

فون: 0333-5196088

دفاتر

051-2249091

کاروبار

کاروبار کی اشاعت کے لیے مضامین، خطوط اور اشتہارات

ای میل: shehar.nama@gmail.com

فون: 0333-5196088

دفاتر

051-2249091

کاروبار

کاروبار کی اشاعت کے لیے مضامین، خطوط اور اشتہارات

ای میل: shehar.nama@gmail.com

فون: 0333-5196088

دفاتر

051-2249091

کاروبار

کاروبار کی اشاعت کے لیے مضامین، خطوط اور اشتہارات

ای میل: shehar.nama@gmail.com

فون: 0333-5196088

دفاتر

051-2249091

کاروبار

کاروبار کی اشاعت کے لیے مضامین، خطوط اور اشتہارات

ای میل: shehar.nama@gmail.com

فون: 0333-5196088

دفاتر

051-2249091

کاروبار

کاروبار کی اشاعت کے لیے مضامین، خطوط اور اشتہارات

ای میل: shehar.nama@gmail.com

فون: 0333-5196088

دفاتر

051-2249091

کاروبار



وفاقی وزیر احسن اقبال اسلام آباد ایسوسی ایشن پرنٹنگ اینڈ گرافک آرٹ کے نومنتخب عہدیداران سے حلف لے رہے

حکومت ایس ایم ایز کو معیشت کا اہم ستون سمجھتی ہے، احسن اقبال

پرنٹنگ و پیکجنگ انڈسٹری برآمدات، روزگار اور ویلیو ایڈیشن میں کردار ادا کر سکتی

حکومت چھوٹے کاروباروں کو قرضوں تک رسائی فراہم کر رہی ہے، تقریب سے خطاب

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی و اصلاحات احسن اقبال نے کہا ہے کہ پرنٹنگ و پیکجنگ انڈسٹری ملکی برآمدات، روزگار، صنعتی ترقی اور ویلیو ایڈیشن میں اہم کردار ادا کرنے کی صلاحیت رکھتی ہے، حکومت چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار (ایس ایم ایز) کو معیشت کا اہم ستون سمجھتی ہے اور ان کی ترقی، سرمایہ تک رسائی اور صنعتی مسائل کے حل کے لیے اقدامات کر رہی ہے۔ پاکستان کو درآمدات پر انحصار کم کر کے برآمدات (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)

رافیل طیاروں کی تعداد 35 سے کم ہو کر 32 رہ گئی، بھارتی اخبار

نئی دہلی (صباح نیوز): بھارتی فضائیہ کے رافیل جنگی طیاروں کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)

امریکی کمپنی اینتھروپک نے اسٹاک مارکیٹ میں آتے ہی تاریخ رقم کر دی

نیویارک (صباح نیوز) امریکی ٹیکنالوجی کمپنی اینتھروپک کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)



کراچی، گورنر سندھ مراد علی شاہ عالمی یوم اطفال کے موقع پر بچوں میں تحائف تقسیم کے بعد گروپ فوٹو

پاکستان کی مالیاتی صورتحال کمزور ہو سکتی ہے، IMF

خطرے کی گھنٹی بج گئی

درآمدات میں اضافے اور ترسیلات زر کی سست رفتار سے مالی دباؤ بڑھ سکتا ہے، پاکستان میں مقیم نمائندہ ڈاکٹر ماہر بنیش

پاکستان نے معاشی استحکام کی جانب پیش رفت کی، ترقی اور خوشحالی کیلئے مسلسل، منصفانہ اور مرحلہ وار اصلاحات ناگزیر ہیں

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) کے پاکستان میں مقیم نمائندے ڈاکٹر ماہر بنیش (Dr Mahir Binici) نے خبردار کیا ہے کہ درمیانی مدت میں درآمدات میں اضافے اور ترسیلاتِ زر کی رفتار میں کمی کے باعث پاکستان کی مالیاتی صورتحال کمزور ہو سکتی ہے، اس لیے ملک کو معاشی تحفظ کیلئے اپنے مالیاتی ذخائر اور وسائل مضبوط بنانے کا عمل جاری رکھنا ہوگا۔ پاکستان پراسپیرٹی فورم سے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر ماہر بنیش نے کہا کہ پاکستان نے معاشی استحکام کی جانب پیش رفت کی ہے، تاہم اس استحکام کو پائیدار (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)



اسلام آباد، وفاقی وزیر جام کمال سے جنوبی افریقی اعلیٰ وفد ملاقات کر رہے ہیں

ہزارہ بھر میں سی این جی اسٹیشن آج صبح کھلیں گے

مانسہرہ (تحصیل جنرل رپورٹر+ڈسٹرکٹ نامہ نگار) ہزارہ بھر میں سی این جی اسٹیشن آج صبح کھلیں گے، سابق لوڈشیڈنگ شیڈول پر عمل درآمد جاری رہے گا، خلاف ورزی پر سی این جیز سیل ہوں گے، تفصیلات گزشتہ روز بروز جمعہ ایک روزہ بندش کے بعد مانسہرہ ایبٹ آباد اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)

کیمرے والے سمارٹ گلاسز کی درآمد کیلئے مشروط اجازت مل گئی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی حکومت نے کیمرے والے اسمارٹ گلاسز کی درآمد کے لیے شرائط عائد کر دیں۔ وفاقی حکومت نے امپورٹ پالیسی آرڈر 2022ء میں ترمیم کر دی۔ ای سی سی اور وفاقی کابینہ کی منظوری کے بعد وزارت تجارت نے آرڈر جاری کر دیا گیا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

لاہور میں 13 سالہ گھریلو ملازم پر مبینہ تشدد، ٹانگ ٹوٹ گئی

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) صوبائی دارالحکومت لاہور کے علاقے نواب ٹاؤن میں 13 سالہ گھریلو ملازم پر مبینہ تشدد کا افسوسناک واقعہ پیش آیا ہے۔ ذرائع کے مطابق ملزم حسین نے کم سن ملازم عبداللہ کو مبینہ طور پر بدترین (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)

حوثی حکام کا تارکین وطن کشتی پر سعودی حملے کا الزام

19 ہلاک، واقعہ جنگی جرم، عالمی انسانی قوانین کی خلاف ورزی، سعودیہ خاموش

صنعاء (صباح نیوز) یمن میں حوثی حکام نے سعودی افواج پر ایک شہری کشتی کو نشانہ بنانے کا الزام عائد کرتے ہوئے کہا ہے کہ حملے میں 19 افراد ہلاک اور چار زخمی ہوئے ہیں۔ حوثی وزارتِ صحت کے ترجمان انیس الاسحٰی نے جمعے کو جاری بیان میں کہا کہ ایک طیارے نے 25 سے زائد تارکینِ وطن کو لے جانے والی شہری کشتی کو نشانہ بنایا۔ ان کے بقول حملے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)

سری لنکا کو شکست، پاکستان نے ٹیسٹ سیریز جیت لی

دوسرے ٹیسٹ کے چوتھے روز قومی ٹیم نے 90 رنز کا ہدف 13 اوورز میں پورا کر لیا

راولپنڈی (نمائندہ۔شہرنامہ) پاکستان نے دوسرے ٹیسٹ میچ میں سری لنکا کو آٹھ وکٹوں سے شکست دے کر دو ٹیسٹ میچوں کی سیریز ایک صفر سے اپنے نام کر لی یہ آئی سی سی ورلڈ ٹیسٹ چیمپئن شپ 2025-27 میں پاکستان کی پہلی سیریز فتح ہے دونوں ٹیموں کے درمیان پہلا ٹیسٹ میچ اسی مقام پر ڈرا ہو گیا تھا۔ راولپنڈی کرکٹ اسٹیڈیم میں کھیلے گئے دوسرے ٹیسٹ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)



راولپنڈی، پاکستانی کرکٹ ٹیم کا سری لنکن کے خلاف ٹیسٹ سیریز جیتنے کے بعد گروپ فوٹو جبکہ کپتان بابر اعظم ٹرافی وصول کر رہے ہیں

عظمیٰ بخاری کمرشل تھیٹرز کمپنیوں کی بلیک میلنگ میں نہ آئیں، سہیل بخاری

ڈرامیٹک اینڈ تھیٹریکل پرفارمنس بل 2026ء روشن ثقافتی مستقبل کی جانب انقلابی قدم





لاہور (بیورو رپورٹ) پیر سید سہیل بخاری سینئر ترین کلچرل ایونٹ آرگنائزر و کالم نگار نے کہا ہے کہ چند تھیٹرز کمپنیوں نے جو کہ حکومت کے فنڈز سے لاکھوں روپے لیتے ہیں اندرون و بیرون ملک تھیٹرز کے نام پر بزنس کرتے ہیں ٹریننگ کے نام پر نئے فنکاروں سے ، چائلڈ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15)

اسلام آباد قیمتی پتھروں سے استفادہ کے موضوع پر ورکشاپ اختتام پذیر

پاکستان پانچ سال میں قیمتی پتھروں کی برآمدات ایک ارب ڈالر تک بڑھانے کا خواہاں



اسلام آباد (نمائندہ۔شہرنامہ) مقامی قیمتی پتھروں کی استعداد سے بھرپور استفادہ کے موضوع پر منعقدہ چار روزہ بین الاقوامی ورکشاپ آج اسلام آباد میں کامیابی کے ساتھ اختتام پذیر ہو گئی۔ ورکشاپ میں پاکستان کی قیمتی پتھروں کی صنعت کو (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)

چار دہائیوں سے زیر التواء E-12 میں سیکٹر ڈویلپمنٹ پر کام تیزی سے جاری

مختلف حصوں میں ترقیاتی کاموں کی تکمیل کیساتھ الاٹیز کو گھر تعمیر کرنے کیلئے قبضہ دیا جا رہا

اسلام آباد: (پ ر) دارالحکومت اسلام آباد میں چار دہائیوں سے زیر التواء سیکٹر E-12 میں سیکٹر ڈویلپمنٹ پر کام تیزی سے جاری ہے اور الاٹیز کو پلاٹس کا قبضہ دینے کا عمل جاری ہے۔ واضح رہے سیکٹر کے مختلف حصوں میں ترقیاتی کاموں کی تکمیل کیساتھ الاٹیز کو گھر تعمیر کرنے کیلئے قبضہ دیا جا رہا ہے۔اس سلسلے میں سیکٹر E-12 کے الاٹیز کی طرف سے گھروں کی تعمیر کیلئے قبضے کے حصول کیلئے متعدد درخواستیں موصول ہوئیں۔ تفصیلات کیمطابق، سیکٹر E-12 میں مجموعی طور پر 68 فیصد سے زائد ترقیاتی کام مکمل کر لئے گئے ہیں۔ سیکٹر E-12/1 کی 25 گلیوں میں ٹی ایس ٹی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17)

گوجر خان، میونسپل ملازم کی تنزلی کا معاملہ ہائیکورٹ پہنچ گیا

عدالت کا 10 دسمبر تک تادیبی کارروائی سے روکنے کا حکم

گوجر خان (بیورو رپورٹ) میونسپل میٹی گوجر خان کے ملازم ملک فیض اللہ کی گریڈ 14 سے گریڈ 3 میں تنزلی کا معاملہ لاہور ہائی کورٹ راولپنڈی بینچ پہنچ گیا، عدالت عالیہ نے ابتدائی سماعت کے بعد پنجاب حکومت سمیت متعلقہ فریقین کو نوٹس جاری کرتے ہوئے آئندہ تاریخِ سماعت 10 دسمبر 2026 تک درخواست گزار کے خلاف کسی بھی قسم کی زبردستی یا تادیبی کارروائی نہ کرنے کا حکم دے دیا۔ تفصیلات کے مطابق میونسپل کمیٹی گوجر خان کے ملازم ملک فیض اللہ نے 7 نومبر 2026 کو جاری ہونے والے انکمانہ حکم کو آئین کے آرٹیکل 199 کے تحت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18)

درآمد شروع، عوام کو سستی اور معیاری گاڑیاں ملنے کی توقع، شعیب خان

کمرشل امپورٹ نئی آٹو پالیسی سے مشروط نہیں، صدر کارڈیلرز اینڈ امپورٹرز ایسوسی ایشن

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) آل پاکستان کارڈیلرز اینڈ امپورٹرز ایسوسی ایشن (اے پی ڈی اے) کے صدر شعیب خان نے کہا ہے کہ استعمال شدہ گاڑیوں کی کمرشل درآمد کا باقاعدہ آغاز پاکستان کی آٹو مارکیٹ میں مسابقت بڑھانے، گاڑیوں کے معیار میں بہتری اور صارفین کو مناسب قیمت پر معیاری گاڑیاں فراہم کرنے کی جانب اہم پیش رفت ہے۔ کمرشل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)



اسلام آباد، چیئرمین آل پاکستان کارڈیلرز میاں شعیب و دیگر عہدیدار پریس کانفرنس کر رہے ہیں

پاکستان میں زیتون کی صنعت ترقی کی راہ پر گامزن ہے، ماہرین

گرینڈ نیشنل اولیو گالا 11 سے 13 دسمبر تک اسلام آباد میں منعقد ہوگا

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) پاکستان میں زیتون کی صنعت تیزی سے ترقی کی جانب گامزن ہے اور زرعی شعبے میں تنوع پیدا کرنے، مقامی سطح پر زیتون کے تیل کی پیداوار بڑھانے، کسانوں کی معاشی بہتری اور صحت بخش غذائی رجحانات کو فروغ دینے کے لیے اس شعبے میں نئے امکانات سامنے آ رہے ہیں۔ پاکستان اور اٹلی کے درمیان جاری تکنیکی و ترقیاتی تعاون زیتون کی کاشت، جدید پیداواری طریقوں، تیل کی پراسیسنگ، معیار کی بہتری اور صنعت سے وابستہ افراد کی استعداد بڑھانے میں اہم کردار ادا کر رہا ہے۔ اطالوی ماہر ڈاکٹر فرانسسکو ڈی موسو، صنف موسمیاتی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)



اسلام آباد، اطالوی ماہر اولیو کلچر پراجیکٹ ڈاکٹر فانسسکو ڈی موسو و دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

نئے صوبوں کا معاملہ اہم مرحلے میں داخل!

نئے صوبوں کا معاملہ اہم ترین مرحلے میں داخل ہو چکا ہے۔ وہ باتیں جو پس پردہ یا ڈرائنگ رومز میں موضوع بحث تھیں اب پبلک ڈومین میں آ چکی ہیں۔ اہم ترین فریقین نے اپنے پتے شو کر دیئے ہیں، بلکہ کھل کر میدان میں آ چکے ہیں۔ اب آر یا پار کا مرحلہ آن پہنچا ہے۔ وفاقی حکومت نے نئے صوبوں کے بمعاملے پر ریفرنڈم کا عندیہ دے دیا ہے، اس حوالے سے تیاریاں بھی ہوتی دکھائی دے رہی ہیں۔ سب سے پہلے وزیر داخلہ محسن نقوی نے چند روز قبل تجویز دی تھی کہ نئے صوبوں کے قیام کا فیصلہ ریفرنڈم کے ذریعے ہونا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ اگر عوام نئے صوبوں کے حق میں ہیں تو ان کا قیام عمل میں لانا چاہیے بصورت دیگر نہیں۔ انہوں نے کہا کہ بہترین حل یہ ہے کہ ریفرنڈم کے ذریعے عوام کی رائے معلوم کی جائے۔ اس کے بعد وزیر اطلاعات و نشریات عطا تارڑ نے بھی کہہ دیا ہے کہ صوبوں کے معاملے میں ریفرنڈم میں کیا حرج ہے، ریفرنڈم آئین کا حصہ ہے۔ عطا تارڑ نے کہا کہ عوام کی مرضی جانے بغیر آپ فیصلہ کیسے کر سکتے ہیں؟ دوسری جانب وزیر دفاع خواجہ آصف کو تو چند ہفتوں میں ہی نظام تبدیل ہوتا دکھائی دے رہا ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ ان کے خیال میں نئے سال میں نیا نظام آئے گا۔ ایک دو ہفتوں میں تمام خدشات اتفاق رائے میں تبدیل ہو جائیں گے۔ رواں سال کے آخر تک نئے نظام کی شکل سامنے آ جائے گی، انہوں نے دعویٰ کیا کہ نئے انتظامی یونٹس کے منصوبے پر خاصی پیشرفت ہو چکی ہے۔ حکومت ابھی نئے صوبوں کے حق میں بولنا شروع ہی ہوئی تھی کہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)

اقوام متحدہ میں پاکستان کی سفارتی کامیابی، حق خودارادیت قرارداد منظور

قرارداد کا بغیر ووٹنگ کے متفقہ طور پر منظور ہونا حقِ خودارادیت کے اصول کیلئے عالمی برادری کی وسیع تر حمایت کا عکاس ہے

فلسطین اور مقبوضہ جموں و کشمیر کے عوام سے حقِ خودارادیت کا وعدہ تاحال ادھورا ہے، پاکستانی مندوب سید حیدر شاہ

نیویارک (کے پی آئی) اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کی تیسری کمیٹی نے جمعرات کے روز پاکستان کی جانب سے پیش کی گئی اس قرارداد کو اتفاقِ رائے سے منظور کر لیا ہے جس میں نوآبادیاتی نظام اور غیر ملکی تسلط کے تحت زندگی گزارنے والے عوام کے حقِ خودارادیت کا اعادہ کیا گیا ہے۔ اس قرارداد کی 62 ممالک نے مشترکہ سرپرستی (Co-sponsor) کی۔ "عوام کے حقِ خودارادیت کے عالمگیر نفاذ" کے عنوان سے یہ قرارداد اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل مندوب سفیر سید حیدر شاہ نے پیش کی۔ واضح رہے کہ پاکستان 1981 سے مسلسل یہ قرارداد پیش کرتا آ رہا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)

اذلان شاہ کپ، پاکستان نے کینیڈا کو شکست دیدی

سفیان خان کی ہیٹرک، محمد عماد اور حنان شاہد نے ایک ایک گول کیا



ایپوہ (بیورو رپورٹ) 32ویں سلطان اذلان شاہ کپ 2026 کے راؤنڈ رابن میچ میں پاکستان ہاکی ٹیم نے شاندار کھیل پیش کرتے ہوئے کینیڈا کو 5-1 سے شکست دے دی۔ پاکستان کی جانب سے سفیان خان نے ہیٹرک اسکور کی جبکہ محمد عماد اور حنان شاہد نے ایک ایک گول کیا۔ میچ کا آغاز تیز رفتار رہا اور پاکستان نے شروع سے ہی کینیڈا کے دفاع پر دباؤ برقرار (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26)

پاکستان کے معدنیات کے شعبے میں سرمایہ کاری کے لیے تیار ہیں: امریکی سفارتخانہ

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکا نے پاکستان کے معدنیات کے شعبے میں سرمایہ کاری اور شراکت داری کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ اہم معدنیات کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)

اے آئی کمپنی کے 5 ہزار ملازمین ایک دن میں کروڑ پتی بن گئے

نیویارک (صباح نیوز) مصنوعی ذہانت کی امریکی کمپنی اینتھروپک کی اسٹاک مارکیٹ میں انٹری نے ہزاروں ملازمین کی قسمت بدل دی، کمپنی کے تقریباً 96 فیصد ملازمین کے حصص کی مالیت 10 لاکھ ڈالر سے تجاوز کر گئی، جبکہ سیکڑوں ملازمین کے حصص کی مالیت 10 کروڑ ڈالر سے بھی زیادہ ہو گئی۔ امریکی میڈیا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25)

بار ایسوسی ایشن انتخابات: راجہ سہیل کیانی کی حمایت میں اضافہ

بار کی مضبوطی، ترقی کیلئے تمام ممبران کو کردار ادا کرنا چاہیے، راجہ ذوالقرنین بھٹی

گوجر خان (بیورو رپورٹ) راجہ ذوالقرنین بھٹی کی زیر صدارت وکلاء کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں سینئر وکلاء اور محسن صغیر بھٹی سمیت دیگر ممبران نے شرکت کی۔ اجلاس میں باہمی مشاورت اور متفقہ طور پر بار ایسوسی ایشن کے سالانہ انتخابات 2026-27 کے لیے امیدوار برائے صدر راجہ سہیل کیانی ایڈووکیٹ کی مکمل حمایت کا اعلان کیا گیا۔ اس موقع پر راجہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27)



گوجر خان، راجہ ذوالقرنین بھٹی کی صحت و سلامتی اور درازیٔ عمر کے لیے دعا کی جا رہی ہے

راولپنڈی کنٹونمنٹ بورڈ شہریوں کو معیاری سہولیات کی فراہمی اولین ترجیح، عامر رشید

مقصد شہریوں کو اپنی شکایات اور مسائل براہِ راست انتظامیہ تک پہنچانے اور ان کے حل کے لیے مؤثر پلیٹ فارم فراہم کرنا ہے

انتظامیہ عوامی مسائل کے حل اور شہریوں کو بہتر بلدیاتی سہولیات کی فراہمی کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا رہی، ایگزیکٹو آفیسر



راولپنڈی (بیورو رپورٹ) راولپنڈی کنٹونمنٹ بورڈ کے زیر اہتمام وارڈ نمبر 1 الہ آباد میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا، جس میں ایگزیکٹو آفیسر راولپنڈی کنٹونمنٹ بورڈ عامر رشید نے شہریوں کے مسائل اور شکایات براہِ راست سنیں اور ان کے فوری ازالے کے لیے متعلقہ افسران کو ضروری ہدایات جاری کیں۔ کھلی کچہری میں شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28)



سی ای او راولپنڈی کنٹونمنٹ بورڈ عامر رشید کھلی کچہری میں شہریوں کے مسائل سن رہے ہیں

بھارت ووٹر فہرستوں کی نظر ثانی میں اقلیتوں کو نشانہ بنا رہا، امریکی کمیشن

واشنگٹن (صباح نیوز): بین الاقوامی مذہبی آزادی سے متعلق امریکی کمیشن (USCIRF) نے کہا ہے کہ بھارت میں ووٹر فہرستوں کی نظر ثانی کے عمل کے دوران (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29)

غوری گارڈن: بیکری مالک کی فائرنگ سے ڈاکو ہلاک

تین ساتھی فرار، تھانہ کھنہ پولیس کی علاقے کی ناکہ بندی، فرار ملزمان کی تلاش

اسلام آباد (صباح نیوز): وفاقی دارالحکومت کے علاقے غوری گارڈن (تھانہ کھنہ کی حدود) میں واقع ایک مقامی بیکری میں ڈکیتی کی واردات کے دوران مالک کی مبینہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30)

SCO کلچرل فورم 3 سال بعد، پاکستانی وزیر مصدق ملک نئی دہلی پہنچ گئے

ناظم الامور سعد وڑائچ نے استقبال کیا، تہذیبی مکالمے، ثقافتی ہم آہنگی پر گفتگو کیلئے رکن ممالک کے نمائندے اکٹھے ہوں گے

نئی دہلی (صباح نیوز) وفاقی وزیر برائے ماحولیاتی تبدیلی و ماحولیاتی رابطہ کاری ڈاکٹر مصدق ملک ملک شنگھائی تعاون تنظیم (ایس سی او) کے پہلے کلچرل فورم میں شرکت کے لیے نئی دہلی پہنچ گئے ہیں، جہاں وہ پاکستانی وفد کی قیادت کریں گے۔ یہ فورم 20 سے 22 نومبر تک جاری رہے گا۔ نئی دہلی ائیر پورٹ پر ڈاکٹر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10)



اسلام آباد، وفاقی وزیر رانا تنویر حسین اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

مسلم ممالک اتحاد کے لیے اقدامات کریں، شجاع الدین شیخ

لاہور (صباح نیوز) امریکہ، روس اور چین کے صدور کی ملاقات عالمی مفادات کے کھیل میں نئی بندر بانٹ کا پیش خیمہ ہے۔ مسلم ممالک بڑی طاقتوں کی طرف دیکھنے کی بجائے اپنے اتحاد کے لیے عملی اقدامات کریں۔ ان خیالات کا اظہار تنظیم اسلامی کے امیر شجاع (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12)

دو اسکرینوں، ڈوئل 200 میگا پکسل کیمروں سے لیس شیاؤمی کی ہلچل

بیجنگ، اسلام آباد (صباح نیوز) معروف اسمارٹ فون کمپنی شیاؤمی نے اپنا نیا جدید فلیگ شپ اسمارٹ فون 18 ProXiaomi باضابطہ طور پر عالمی مارکیٹ میں متعارف کرا دیا ہے، جس نے اپنے منفرد ڈیزائن اور جدید ترین فیچرز کی بدولت ٹیکنالوجی کی دنیا میں ہلچل مچا دی ہے۔ گزشتہ برس کمپنی نے اس سیریز (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14)

بھارہ کہو، آٹے کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ، شہری پریشان

20 کلو تھیلے کی قیمت 36 سو روپے تک پہنچ گئی، عوام کیلئے روٹی کا حصول بھی مشکل

اسلام آباد (نمائندہ۔شہرنامہ) وفاقی دارالحکومت اسلام آباد کے نواحی علاقے بھارہ کہو میں آٹے کی قیمتوں میں اضافے نے شہریوں کی مشکلات میں مزید اضافہ کر دیا ہے۔ 20 کلو آٹے کے تھیلے کی قیمت 3600 سو روپے تک پہنچنے سے عوام شدید پریشانی کا شکار ہیں۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ پہلے ہی مہنگائی، بجلی اور گیس کے بھاری بلوں نے گھریلو بجٹ متاثر کر رکھا ہے، ایسے میں بنیادی ضرورت آٹے کی قیمتوں میں اضافہ غریب اور متوسط طبقے کے لیے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)

مانسہرہ تجاوزات آپریشن، مہلت ختم، انتظامیہ حرکت میں آ گئی

سرکاری اراضی پر ناجائز قبضہ کے خلاف کاروائیوں کا سلسلہ جاری

مانسہرہ (نیوز رپورٹر) مانسہرہ تجاوزات آپریشن، مہلت ختم، مانسہرہ انتظامیہ وٹی ایم اے حرکت میں، دوکانات و ہوٹلز اور سی این جیز و پٹرول پمپوں کے بورڈ دیواریں گرانے کا سلسلہ جاری، سرکاری جگہ ہموار، راست کھلنے لگے، تجاویزات ختم کرنے کیلئے آپریشنز و دیگر کاروائیاں جاری، تفصیلات کے مطابق مانسہرہ شہر کے مختلف بازاروں میں مانسہرہ ضلعی انتظامیہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)

پاکستان سیکورٹی پرنٹنگ کارپوریشن (پرائیویٹ) لمیٹڈ

(Wholly owned subsidiary of State Bank of Pakistan)

URAAN PAKISTAN

پیشکشوں کی طلبی | گڈز کی خریداری

1- پاکستان سیکورٹی پرنٹنگ کارپوریشن (پروکیورمنٹ) نے مالی سال 27-2026 کے لیے منصوبہ بندی کردہ خریداری کے لیے فنڈز مختص کیے ہیں۔ پاکستان سیکورٹی پرنٹنگ کارپوریشن (پروکیورمنٹ) ان فنڈز سے حاصل ہونے والی رقم کا ایک حصہ درج ذیل معاہدے کے تحت قابل ادائیگی واجبات کی ادائیگی کے لیے استعمال کرنے کا ارادہ رکھتی ہے: "FP-29-REQ-1026-3-00108 ایل او کیو (BOQ) کے مطابق سادہ کمپنیشن پلیٹس کی خریداری"، "حوالہ نمبر P205485"۔

2- پاکستان سیکورٹی پرنٹنگ کارپوریشن (پروکیورمنٹ) EPADS v2.0 پر رجسٹرڈ اہل بولی دہندگان سے دستاویزات میں درج سامان کی خریداری کے لیے EPADS v2.0 کے ذریعے بولیاں طلب کرتی ہے۔۔

3- مذکورہ خریداری کے لیے بنیادی طریقہ خریداری یعنی کھلی مسابقتی بولی کے تحت سنگل اسٹیج۔ون اینویلپ طریقہ کار اختیار کیا جائے گا اور لیسٹ کاسٹ بیسڈ سلیکشن (LCBS) تکنیک استعمال کی جائے گی۔ یہ عمل پبلک پروکیورمنٹ رولز، 2026 اور اتھارٹی کی جانب سے وقتاً فوقتاً جاری کردہ متعلقہ ضوابط اور ہدایات کے مطابق ہوگا۔

4- تمام بولیوں کے ساتھ بڈ سیکیورٹی جمع کرانا لازمی ہوگا، جس کی تفصیل بولی کی دستاویزات کے بولی سیکیورٹی سیکشن میں درج ہے۔ بولی سیکیورٹی پے آرڈر، پنک گارنٹی یا مقررہ فارمیٹ میں بولی سیکیورنگ ڈیکلریشن کی صورت میں جمع کرائی جا سکتی ہے۔

5- تفصیلی شرائط وضوابط، تکنیکی وضاحتیں اور دیگر ضروریات وغیرہ پر مشتمل ای-بولی کی دستاویزات ای-پاک ایکویزیشن اینڈ ڈسپوزل سسٹم (EPADS) پر درج ذیل لنک پر دستیاب ہیں: https://epads.gov.pk/opportunities/federal/procurements/205485

6- الیکٹرانک بولیاں، جو الیکٹرانک بولی دستاویزات میں درج ہدایات کے مطابق تیار کی گئی ہوں، منگل، 15 دسمبر 2026، صبح 11:00 بجے تک لازمی طور پر EPADS v2.0 کے ذریعے جمع کرائی جائیں۔ الیکٹرانک بولیاں اسی روز منگل 15 دسمبر 2026، صبح 11:30 بجے EPADS v2.0 کے ذریعے کھولی جائیں گی۔ بولیوں کی دستی صورت میں جمع کرائی گئی نقول قابل قبول نہیں ہوں گی۔ وہ سروس فراہم کنندہ گان جنہوں نے ابھی تک EPADS v2.0 کے نئے ورژن پر رجسٹریشن نہیں کرائی، وہ https://vendors.epads.gov.pk پر اپنی رجسٹریشن مکمل کر سکتے ہیں۔ رجسٹریشن کے طریقہ کار کی وضاحت کے لیے تربیتی ویڈیو لنک https://www.youtube.com/watch?v=MNW6T38v7tc پر دستیاب ہے۔

پبلک پروکیورمنٹ رولز، 2026 کے رول 65 کے مطابق، اس خریداری کے لیے شکایات کے ازالے کی کمیٹی (GRC) تشکیل دے دی گئی ہے، جس کا نوٹیفکیشن خریداری کرنے والے ادارے کی ویب سائٹ، پی پی آر اے کی ویب سائٹ www.ppra.gov.pk کی ویب سائٹ پر بھی دستیاب ہے۔

ڈپٹی جنرل منیجر (پروکیورمنٹ)، پاکستان سیکورٹی پرنٹنگ کارپوریشن (پرائیویٹ) لمیٹڈ
جناح ایونیو، بلیو ایریا، کراچی۔ فون: 8511-924-219-92+ ای میل: toqeer.ilyas@pspc.org.pk

PID K-1656/26

ایک مکمل ادارہ جو دوسری نسل سے خدمات دے رہا ہے

شاہکی پرنٹرز

SPS

جنرل آرڈر سپلائر

شادی کارڈ

ارجنٹ اینڈ ہول سیل

پینا فلیکس ڈیجیٹل

اوریجنل اینک ڈیپارٹمنٹس

ایوارڈ شیلڈز کی چین، پن پرنٹنگ، شرٹس پرنٹنگ، بیج اینڈ لوگو میکر، گرافکس ڈیزائننگ

وزیٹنگ کارڈ | لیٹر پیڈ | سائن بورڈ | ٹائی | فائل | بل بکس | سکول کاپی | پارٹی پرچم | اشتہارات | بروشرز | سکول ڈائری | سٹیکر

ہیڈ آفس عبداللہ مارکیٹ سرکلر روڈ راولپنڈی | سب آفس ترامڑی چوک اسلام آباد

0333-5108083
0315-5108083